SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
December 11, 2020

ایس ای سی پی نے کارپوریٹ انشورنس ایجنٹس ریگولیشنز متعارف کروادیئے

اسلام آباد(دسمبر 11)سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے انشورنس پالیسی ہولڈروں کو زیادہ سے زیادہ تحفظ فراہم کرنے اور پالیسی کی فروخت کے وقت صارف کو واضح اور مکمل معلومات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے نئے کارپوریٹ انشورنس ایجنٹس ریگولیشنز متعارف کروادیئے ہیں۔ایس ای سی پی کے پالیسی بورڈ کی منظوری سے جاری کئے گئے ریگولیشنز کا مقصد پالیسی ہولڈروں کے مفادات کو تحفظ فراہم کرنااور بیمہ کے شعبہ کو مستحکم طور پر فروغ دیناہے۔

نئے کارپوریٹ انشورنس ایجنٹس ریگولیشنز میں کارپوریٹ انشورنس ایجنٹس بشمول بنکوں کی جانب سے انشورنس پالسی کی فروخت کے طریقہ کار کو سہل، واضح اور شفاف بنایا گیا ہے جبکہ پالیسیوں کی فروخت کے لئے ایجنٹوں کا کوڈ آف کنڈکٹ بھی دیا گیا ہے۔نئے ریگولیشنز میں انشورنس پالیسیوں کی فروخت اورڈسٹری بیوشن کے لئے انفارمیشن ٹیکنالوجی کے استعمال کے لئے اقدامات بھی کئے گئے ہیں۔

انشورنس کارپوریٹ ایجنٹوں کے ریگولیشنز میں کسی انشورنس ایجنٹ کے ذریعے انشورنس پالیسی کی فروخت کے بعد کمپنی کی جانب سے صارف کو شرائط وضوابط کی واضح فراہمی اور تصدیق کے لئے ٹیلی فون کال بھی کی جائے گی جبکہ فون کال کے ذریعے بتائی جانے والی لازمی معلومات اور سوالات بھی ریگولیشنز کا حصہ بنائے گئے ہیں۔اس کے علاوہ صارف کے خریدی جانے والی پالیسی کے بارے میں بھی تمام معلومات کی فراہمی، بنک کی فیس وغیرہ کے بارے میں بھی بتایا جائے گا۔

نئے ریگولیشنز ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر فراہم کردیئے گئے ہیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005